تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : اسلامی حکومت کا فلاحی تصور

مصنف : مولانا سعید الرحمٰن علوی

ضخامت: 180 صفحات ...... قیمت: 120 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ جمال، حسن مارکیٹ، اردو بازار لاہور

مولانا سعید الرحمٰن علوی ایک معروف دینی وعلمی شخصیت تھے۔ آپ نے صرف چھیالیس سال کی عمر پائی۔ اس مختصر سی زندگی میں تعلیم بھی حاصل کی، تحقیق ومطالعہ بھی کیا درجن بھر کتابیں بھی لکھیں۔ اس کے علاوہ ایک طویل عرصے تک معروف دینی رسالے خدام الدین کی ادارت بھی کرتے رہے اور بعد ازاں کئی برس تک مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے شعبہ مطبوعات سے وابستہ رہنے کے ساتھ ساتھ قرآن اکیڈمی میں تدریس کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔ دینی اور علمی موضوعات پر آپ کے مضامین معیاری رسائل وجرائد میں جگہ پاتے رہے۔ مرحوم نے اپنے ماہ وسال سے اس تیز رفتاری سے فائدہ اٹھایا کہ اگر مہلت عمر وفا کرتی تو تبلیغ واشاعت اسلام کے سلسلہ میں گراں قدر اور وسیع ذخیرہ چھوڑ جاتے۔ مولانا سعید الرحمٰن علوی کی خواہش تھی کہ ان کے مضامین کتابی صورت میں شائع ہوں، مگر عمر نے مہلت نہ دی اور یہ کام ان کی زندگی میں نہ ہو سکا۔ اب ان کے برادر عزیز مولانا عزیز الرحمٰن خورشید نے اس کام کا بیڑا اٹھایا ہے اور یہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کاوش ہے جس میں تین مضامین یکجا کر کے شائع کر دیئے گئے ہیں:

۱) اسلامی حکومت کا فلاحی تصور ۲) اقتصادی مسئلہ کا حل قرآن وسنت اور فقہ کی رو سے

۳) الحجر۔ حجر کی لغوی، شرعی تحقیق

تینوں مضامین انتہائی جامع، مدلل اور بلند علمی تحقیق کا مظہر ہیں۔ کتاب کا پیش لفظ